یادِ ماضی

ھدیۂ تبریک

شیخنا و مولانا استاذنا المکرم حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ العزیز کی بے مثال کامیابی پر جس میں آپ تیسری بار فروری ۱۹۸۵ء میں قومی اسمبلی کیلئے منتخب کیے گئے بندہ نے یہ ہدیۂ تبریک مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب سابق مدرس دارالعلوم حقانیہ کی فرمائش پر بعد از نمازِ عصر حضرت مرحوم کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ (فانی)

حافظ محمد ابراھیم فانی

۱

مبارک ہو تجھے یہ نصرت و یہ فتح ربّانی ہزاراں شکر برایں غیرت تائید سبحانی
ہوائے مشکبار آئی ہے طیبہ سے بشوقِ دید حضور در پہ لائی ہے نوید فضلِ یزدانی
نسیمِ صبح کو دیکھو خرامِ ناز سے آئی یہ خوشبوئے مبارکباد کس انداز سے لائی

بہار و فصلِ گل کے ہاتھ میں پھولوں کے سہرے ہیں
خوشی سے ہر طرف مسرور اور معمور چہرے ہیں

مبارک ہو تجھے یہ رحمتِ رب کی فراوانی مبارک ہو اسمبلی میں تجھے حق کی نگہبانی
تمہارے نام سے ایواں میں حق کا غلغلہ ہوگا وطن میں گونجے گی ہر طرف آوازِ حقانی
خدایا شکر ایواں میں غلامِ مصطفےٰ آیا اسمبلی میں شناسائے نظامِ مصطفےٰ آیا

تمہارے در پہ فانی ھدیۂ تبریک لایا ہے
یہ گلہائے عقیدت تحفۂ تبریک لایا ہے